بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحان الله و بحمده سبحان الله العظيم

من قراقل هوالله احدمرة فكانما قراثلث القرآن و من قراها مرتين فكانما قرا ثلثى القرآن و من قراها ثلاثا فكانما قراالقرآن كله

فضائل سورہ اخلاص

من قراقل هوالله احددبر كل صلوةمكتوبة عشر مرات او جب الله رضوانه و مغفرته
جوشخص ہرفرض نماز کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنی رضا اور مغفرت اس پر واجب کردیتا ہے

بفیضان نظر:

حضرت سیدعلی بن عثمان ہجویری الجلابی المعروف داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ

تالیف:

فقیرالحاج مجا ھد حسین وڑائچ نقشبندی، چشتی، نظامی غفرلہ

کتاب: **فضائل سورہ اخلاص**

مولف: فقیر الحاج مجاہد حسین وڑائچ نقشبندی نظامی غفرلہ

معاون خصوصی: پروفیسر حافظ محمود الحسن زید شرفہ (ایم فل اسلامیات)

نظر ثانی و تصحیح: مفتی، قاری، حافظ علی نواز غفرلہ (ایم فل اسلامیات)

نظر ثانی و تصحیح: مفتی حضرت علامہ ظہیر شاہد صاحب کان اللہ لہ

پروف ریڈنگ: چشتی کتب خانہ

اس کتاب کی خرید و فروخت منع ہے یہ کتاب انٹرنیٹ سے مفت ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے کتاب مفت حاصل کرنے کیلئے نیچے دیے گئے ای میل پر رابطہ کریں کتاب مفتیان کرام سے چیک کروانے کے بعد شائع کی گئی ہے تاہم کسی بھی قسم کی غلطی کی صورت میں نیچے دیے گئے ای میل ایڈریس پر مطلع فرمائیں تا کہ غلطی دور کی جا سکے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کسی نے قل ھو اللہ احد ایک مرتبہ پڑھی تو گویا اسنے تہائی قرآن پڑھا اور جس کسی نے دو مرتبہ اسے پڑھا تو گویا اسنے دو تہائی قرآن پڑھا اور جس کسی نے اسے تین مرتبہ پڑھا تو گویا اس نے تمام قرآن پڑھا۔(جمع الجوامع السیوطی ۱/۸۲۱)

قل ھو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا احد ہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کسی نے سورۃ اخلاص ایک بار پڑھی تو اس پر برکت نازل ہوگی اور جس کسی نے اسے دو مرتبہ پڑھا تو اس پر اور اسکے اہل وعیال پر برکت نازل ہوگی اور اگر کسی نے اسے تین بار پڑھا تو اس پر اور اسکے اہل وعیال اور اسکے

پڑوسیوں پر بھی برکت نازل ہوگی اور اگر بارہ مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اسکے لیے جنت میں بارہ محل بنائے گا اور جس نے اسکو ۲۰ بیس مرتبہ پڑھا تو وہ نبیوں کے ساتھ اس طرح ہوگا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی

درمیانی انگلی اور انگوٹھے کے ساتھ والی

انگلی کو آپس میں ملا دیا اور جس نے اسکو ۱۰۰ مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اسکے ۲۵ پچیس سال کے گناہ معاف کر دے گا سوائے قرضہ اور قتل کے اور جس نے اسکو ۲۰۰ دوسو مرتبہ پڑھا اسکے ۵۰ پچاس سال کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے

اور جس نے اسکو ۴۰۰ چار سو مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اسکے لیے ایسے چار سو شہیدوں کا ثواب لکھے گا جن میں ہر ایک کے گھوڑے کی کونچیں (ٹانگیں) کاٹ دی گئیں اور اسے شہید کر دیا گیا

اور جس نے ہزار بار یہ (سورت اخلاص) پڑھی تو وہ مرے گا نہیں یہاں تک کہ اپنا ٹھکانہ جنت میں دیکھ نہ لے یا اسے دکھا نہ دیا جائے۔

تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا احد ہ

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص ہر فرض نماز کے بعد دس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکے لیے رضا اور مغفرت

واجب کر دے گا۔تفسیر در منثور

قل ھو اللہ احد٥ اللہ الصمد٥لم یلد ولم یولد٥ ولم یکن لہ کفوا احد٥

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جو کوئی سورۃ اخلاص دس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکے لیے جنت میں گھر بنائے گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو پھر میں کثرت سے پڑھوں گا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو اللہ تعالیٰ اس سے بھی زیادہ اور بہتر عطا فرمائے گا۔

(مسند امام احمد بن حنبل۷۴۳۷/۵)(مجمع الزوائد۵۴۱/۷)

قل ھو اللہ احد٥ اللہ الصمد٥لم یلد ولم یولد٥ ولم یکن لہ کفوا احد٥

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے صبح کی نماز پڑھی پھر کسی سے بات نہیں کی یہاں تک کہ دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی تو وہ اس دن کسی گناہ کو نہیں (کر) پائے گا اور شیطان سے پناہ میں رہے گا۔تفسیر در منثور

حضرت کعب احبار رض سے روایت ہے کہ جس نے سورہ اخلاص اور آیۃ الکرسی دس مرتبہ رات یا دن میں پڑھنے کی پابندی کی تو اسنے اللہ کی رضامندی واجب کر لی اور وہ انبیاء علیہ السلام کے ساتھ ہو گیا اور شیطان سے محفوظ ہو گیا۔ تفسیر در منثور

قل هو الله احد ٥ الله الصمد ٥ لم يلد ولم يولد ٥ ولم يكن له كفوا احد ٥

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص قبرستان سے گزرے اور وہ سورہ اخلاص ١١ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسکا ثواب قبرستان کے مردوں کو بخش دے تو اسے مردوں کی گنتی کے برابر ثواب عطا کیا جائے گا۔

(فضائل سورہ اخلاص للحسن الخلال، ص ١٠١، حدیث: ۵۴)

قل هو الله احد ٥ الله الصمد ٥ لم يلد ولم يولد ٥ ولم يكن له كفوا احد ٥

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے صبح کی نماز کے بعد سورہ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھی گویا اسنے چار مرتبہ قرآن پڑھ لیا اور اس دن اسکا یہ عمل تمام اہل

زمین سے افضل ہے بشرطیکہ وہ تقویٰ اختیار کرے۔تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احدہ اللہ الصمدہ لم یلد ولم یولدہ ولم یکن لہ کفوا احدہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جوشخص عشاء کی نماز کے بعد دو رکعات پڑھے اور ہر رکعت میں سورت اخلاص پندرہ بار پڑھے تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ جنت میں دو محل بنائے گا۔تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احدہ اللہ الصمدہ لم یلد ولم یولدہ ولم یکن لہ کفوا احدہ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تین کام ایسے ہیں اگر کوئی ایمان کی حالت میں انہیں کرے گا تو جنت کے

جس دروازے سے چاہے گا داخل ہو جائے گا اور حورعین سے جہاں چاہے گا شادی کردی جائے گی

(۱)جس نے اپنے قاتل کو معاف کر دیا(۲)جس نے مخفی قرض ادا کیا

(۳)جس نے ہر فرض نماز کے بعد دس۱۰مرتبہ سورۃ اخلاص کو پڑھا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
نے سوال کیا یارسول اللہ کیا ان میں سے ایک عمل بھی کر لیا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں ان میں سے ایک عمل کا اجر بھی یہی ہے۔ تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احد٥ اللہ الصمد٥لم یلد ولم یولد٥ ولم یکن لہ کفوا احد٥

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورت اخلاص تیس مرتبہ پڑھی اسکے لیے اللہ تعالیٰ آگ سے چھٹکارا اور عذاب سے امان لکھ دیں گے اور فزع اکبر یعنی قیامت کے دن اسے بھی امان لکھ دیں گے۔ تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احد٥ اللہ الصمد٥لم یلد ولم یولد٥ ولم یکن لہ کفوا احد٥

حضرت جابر بن عبداللہ رض سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے روزانہ سورہ اخلاص پچاس ۵۰ مرتبہ پڑھی تو قیامت کے دن اس کو قبر سے اس طرح بلایا جائے گا اے اللہ کی تعریف کرنے والے اٹھ جا اور جنت میں داخل ہو جا۔ تفسیر درمنثور

قل هو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہلم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا احد ہ

حضرت انس بن مالک رض سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص پچاس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتا ہے اللہ اسکے پچاس سال کے گناہ بخش دیتا ہے۔(سنن دارمی:۳۳۰۳)

قل هو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہلم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا احد ہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے
سورت اخلاص سو۱۰۰ مرتبہ پڑھی تو اللہ تعالیٰ اسکے پچاس سال کے گناہ معاف فرما دے گا بشر طیکہ وہ چار کاموں سے بچتا رہے (۱)قتل (۲) چوری (۳) زنا (۴) شراب نوشی

تفسیر درمنثور

قل هو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہلم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا احد ہ

حضرت فیروز رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے نماز یا نماز کے علاوہ سو۱۰۰ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم سے بری ہونے کا پروانہ لکھ دے گا۔(طبرانی کبیر ۱۸/۳۳۱)

قل هو الله احد٥ الله الصمد٥لم يلد ولم يولد٥ ولم يكن له كفوا احد٥

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے شب جمعہ (جمعرات) سورۃ اخلاص ۱۰۰ مرتبہ پڑھی تو اسنے جمعہ کا ایسا حق ادا کر دیا جیسا کہ حاملین عرش نے عرش الٰہی کے اٹھانے کے حق ادا کر دیا۔(ابو نعیم فی فضائلها)

قل هو الله احد٥ الله الصمد٥لم يلد ولم يولد٥ ولم يكن له كفوا احد٥

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اپنے بستر پر سونے کے لیے دائیں کروٹ لیٹے پھر سورۃ مرتبہ ۱۰۰ سورت اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسے کہے گا اے میرے بندے اپنے دائیں طرف والی جنت میں داخل ہو جا۔ (سنن الترمذی:۲۸۹۸)(شعب الایمان :۲۳۱۷)

قل هو اللہ احد٥ اللہ الصمد٥لم یلد ولم یولد٥ ولم یکن لہ کفوا احد٥

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو وضو کی حالت میں سورہ فاتحہ پڑھ کر ۱۰۰مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں لکھے گا اور دس برائیاں مٹا دے گا۔

اور اسکے دس درجے بلند کر دے گا اور اسکے لیے جنت میں سو۱۰۰محل بنا دے گا اور یہ ایسا ہے گویا اسنے قرآن تنتیس مرتبہ پڑھا اور یہ شرک سے برات ہے اور فرشتوں کو حاضر کرنے والی اور شیطان کو بھگانے والی ہے اور اسکی گونج عرش کے اردگرد ہوتی ہے

اور اپنے پڑھنے والے کا ذکر کرتی ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسکی طرف نظر فرماتا ہے اور جب اسکی (پڑھنے والے کی) طرف نظر فرماتا ہے تو پھر اسکو کبھی عذاب نہیں دیتا (پھر اسے کبھی عذاب نہیں دے گا)۔

تفسیر درمنثور

قل هو اللہ احد٥ اللہ الصمد٥لم یلد ولم یولد٥ ولم یکن لہ کفوا احد٥

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا میرا ایک بھائی ہے اسکی طرف سورہ اخلاص پڑھنا محبوب ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنے بھائی کو جنت کی خوشخبری سنادو۔ (درمنثور)(بخاری ۱۴۱/۱)

قل هو الله احد ہ الله الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن له کفوا احد ہ

حضرت براء بن عازب رض سے مرفوعاً روایت ہے کہ جس نے صبح کی نماز کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے سو ۱۰۰ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی تو اس دن اسے ۵۰ صدیقین کے عمل کے برابر بلند کردیا جائے گا (۵۰ صدیقین کے برابر اسے ثواب ملے گا)۔ تفسیر درمنثور

قل هو الله احد ہ الله الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن له کفوا احد ہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کسی نے سورہ اخلاص ۲۰۰ مرتبہ پڑھی تو اللہ تعالیٰ اسکے ۲۰۰ سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔ تفسیر درمنثور

قل هو الله احد ہ الله الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن له کفوا

احدہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے سورہ اخلاص کو **۲۰۰** دوسو مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اسکے پچاس سال کے گناہ معاف فرمادے گا مگر شرط یہ ہے کہ وہ مقروض نہ ہو۔(ترمذی:۲۸۹۸)

قل ھو اللہ احدہ اللہ الصمدہ لم یلد ولم یولدہ ولم یکن لہ کفوا احدہ

حضرت کعب احبار رض سے روایت ہے کہ تین قسم کے لوگ جنت میں جہاں چاہیں گے اتریں گے شہید اور وہ آدمی جس نے ہر دن **۲۰۰** دوسو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی۔ تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احدہ اللہ الصمدہ لم یلد ولم یولدہ ولم یکن لہ کفوا احدہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے سورہ اخلاص ایک ہزار **۱۰۰۰** بار پڑھی تو اسنے اپنی جان کو اللہ سے خرید لیا اور وہ اللہ کے خاص لوگوں سے ہوگا۔

تفسیر درمنثور

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے سورہ اخلاص ہزار مرتبہ پڑھی وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایسے ہزار جانوروں سے زیادہ پسندیدہ ہے جن کو اللہ کے راستے میں لگام دی گئی اور زین پہنائی گئی۔ تفسیر درمنثور

قل هو الله احد ہ الله الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن له کفوا احد ہ

یزید الرقاشی (رض) سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام حسین صورت میں ہنستے ہوئے، خوشی کا اظہار فرماتے ہوئے تشریف لائے اور کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور فرمارہا ہے بیشک ہر چیز کے لیے ایک نسب ہے

اور میرا نسب قل ھوا اللہ احد (سورت اخلاص) ہے آپ کی امت میں سے جو شخص اپنی زندگی میں سورت اخلاص ہزار مرتبہ پڑھتا ہوا آئے گا، میں اسکو لازم کردوں گا اپنا گھر اور اپنے عرش کی اقامت اور ستر آدمیوں کے بارے (حق) میں اسکی شفاعت قبول کروں گا ان لوگوں کے بارے

میں جن کی سزا واجب ہو چکی ہو گی۔

اور بیشک میں نے خود اپنی ذات پر یہ قسم نہ کھائی ہوتی کہ ہر ایک جان کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے تو میں اسکی روح قبض نہ کرتا۔ تفسیر در منثور

قل هو الله احد ٥ الله الصمد ٥ لم يلد ولم يولد ٥ ولم يكن له كفوا احد ٥

حضرت جریر بن عبداللہ البجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کسی نے گھر میں داخل ہوتے وقت سورۃ اخلاص کو پڑھا تو اسکے گھر اور پڑوس والوں سے فقر و فاقہ دور کر دیا جائے گا۔(معجم کبیر طبرانی: ۲/۳۴۰)

قل هو الله احد ٥ الله الصمد ٥ لم يلد ولم يولد ٥ ولم يكن له كفوا احد ٥

حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآل وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے اپنی بیماری میں سورہ اخلاص پڑھی جس میں (جس بیماری میں) وہ مر گیا تو وہ اپنی قبر میں آزمائش میں نہیں ڈالا جاتا اور قبر کے فتنے سے امن میں ہو جاتا ہے اور قیامت کے دن فرشتے اسکو اپنی ہتھیلیوں پر اٹھائیں گے یہاں تک کہ اسکو پل صراط

سے گزار کر جنت کی طرف لے جائیں گے۔ تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا احد ہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اور کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معاویہ بن معاویہ المزنی فوت ہوگئے ہیں آپ انکا جنازہ پڑھنا پسند فرمائیں گے؟ آپنے فرمایا ہاں حضرت جبرئیل نے اپنے دونوں پر مارے تو تمام درخت اور تمام ٹیلے نظروں کے سامنے سے ہٹ گئے اور جنازہ کی چار پائی

سامنے لائی گئی حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے دیکھا اور اس پر نماز جنازہ پڑھی اور آپ کے پیچھے فرشتوں کی دو صفیں تھیں ہر صف میں ستر ہزار فرشتے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ معاویہ نے یہ مقام کیسے پایا؟ تو انہوں نے جواب دیا سورہ اخلاص سے محبت کی وجہ سے اور آتے جاتے اٹھتے اور ہر حال میں اسے پڑھنے کی وجہ سے۔

(مسند ابی یعلی ۴۲۶۷)(شعب الایمان ۲۳۲۰)

قل ھو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہ لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن لہ کفوا

احدہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے کہ جب ناقوس بجایا جاتا ہے اللہ کا غصہ بڑھ جاتا ہے اس موقع پر فرشتے روئے زمین پر اتر کر سورہ اخلاص پڑھنے لگ جاتے ہیں اور غصہ ٹھنڈا ہونے تک پڑھتے رہتے ہیں۔(رواہ الطبرانی موقافاً)

قل ھو اللہ احدہ اللہ الصمدہ لم یلد ولم یولدہ ولم یکن لہ کفوا احدہ

حضرت ابوامامہ رض سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص آیۃ الکرسی اور سورہ اخلاص ہر فرض نماز کے بعد پڑھے تو اسے موت کے سوا کوئی چیز جنت کے داخل ہونے سے نہیں روک سکتی۔ تفسیر درمنثور

قل ھو اللہ احدہ اللہ الصمدہ لم یلد ولم یولدہ ولم یکن لہ کفوا احدہ

حضرت ابوامامہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو سورہ اخلاص پڑھ رہا تھا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس پر جنت واجب ہوگئی۔ تفسیر درمنثور

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو سورہ اخلاص پڑھتے ہوئے سنا اور وہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا آپنے اس سے فرمایا تو سوال کر عطا کیا جائے گا۔تفسیر در منثور

قل هو الله احد ٥ الله الصمد ٥لم يلد ولم يولد ٥ ولم يكن له كفوا احد٥

ماخذو مراجع

تفسیر درمنثور اپبلی کیشن

شعب الایمان ترجمہ قاضی ملک محمد اسماعیل دارالاشاعت ایم اے جناح روڈ کراچی ۔۔۔

معجم اوسط ترجمہ غلام دستگیر ملت پبلی کیشنز اردو بازار لاھور۔۔

معجم الکبیر ترجمہ غلام دستگیر پروگریسو بکس غزنی سٹریٹ اردو بازار لاھور۔۔

مسند ابی یعلی موصلی ترجمہ غلام دستگیر پروگریسو بکس غزنی سٹریٹ اردو بازار لاھور۔۔فضائل سورہ اخلاص امام حافظ ابو محمد حسن بن محمد خلالؒ مکتبہ لینة دمنھور ۱۴۱۲ھ